شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

03فروری2023ء

پریس ریلیز

ملک کو ڈیفالٹ سے بچانے کے لیے بیوروکریٹس اور سیاست دان اپنے اثاثے سامنے لائیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): ملک کو ڈیفالٹ سے بچانے کے لیے بیوروکریٹس اور سیاست دان اپنے اثاثے سامنے لائیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی شرائط مانتے ہوئے پیٹرول سمیت بنیادی ضروریاتِ زندگی کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ نے عوام کو پیس کر رکھ دیا ہے۔ لیکن آئی ایم ایف کے ہی مطالبے کے باوجود بیوروکریٹس کے اثاثہ جات سامنے نہیں لائے جا رہے ہے۔ سٹیٹ بنک کے مطابق ملکی زرِمبادلہ کے ذخائر 10 سال کی کم ترین سطح پر گر چکے ہیں جس کے باعث صرف 18 دن کی درآمدات ممکن ہیں۔ ملکی اور بین الاقوامی ماہرین کے مطابق ڈیفالٹ سے بچنا کسی معجزہ سے کم نہ ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ سودی قرضے اور کرپشن نے ملکی معیشت کو تباہ و برباد کر دیا ہے اور پاکستان کی نظریاتی اور اخلاقی بنیادوں کو بھی ہلا کر رکھ دیا ہے۔ ہماری اشرافیہ کی ہوسِ زر و اقتدار اور ذاتی مفادات کو ترجیح دینے کے باعث معیشت آج وینٹی لیٹر پر ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ریاست کے تمام اسٹیک ہولڈرز ملکی مفاد کو ترجیح دیں۔ سودی معیشت اور ہر سطح پر کرپشن کے مکمل خاتمہ کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ ملکی معیشت کو قرضے اور لوٹ کھسوٹ کے اس گرداب سے نکالیں اور اسے اسلامی بنیادوں پر استوار کیا جائے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 03 February 2023

"The bureaucrats and politicians must make their assets public to save the country from default."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The bureaucrats and politicians must make their assets public to save the country from default."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab e Jumu'ah at Qur'an Academy Lahore. The Ameer said that by conceding to the conditions of IMF, the government has devastated the masses by exorbitantly increasing the prices of all items of basic necessity, including petrol, yet despite the demands made by the same IMF, the assets of bureaucrats are not being made public. According to the State Bank of Pakistan, the foreign currency reserves have dipped to a 10-year low, which will cover the import bill of the country for only 18 more days. Local and international experts say that only a miracle can save Pakistan from default. The fact is that interest-laden debt and corruption have destroyed our economy and also shaken to the core the ideological and moral foundations of the country. The economy of Pakistan is on a ventilator today due to the greed for money and power and devotion to petty personal interests alone demonstrated by the aristocracy in the country. It is imperative for all stakeholders to give priority to the national interests of Pakistan over the hunger for money and power and petty personal gains. Practical measures to eradicate the interest-based economic system and corruption at all levels must be taken. Sincere efforts are required to salvage the country from this turbulent vortex of debt and dishonesty and mould the economy according to the Islamic principles.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan